# پراسپیکٹس

## 2025-2026





# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج

خان پور روڈ سہجا


بسم الله الرحمن الرحيم

# فرمانِ قائد



''علم تلوار سے بھی زیادہ طاقتور ہے
اس لیے علم کو اپنے ملک میں بڑھائیں
کوئی آپ کو شکست نہیں دے سکتا۔''



# فرمانِ علامہ اقبالؒ

''علم کی جستجو جس رنگ میں بھی کی جائے
عبادت کی ایک شکل ہے۔''



# پرنسپل کا پیغام

درس گاہیں علم و آ گاہی اور معاشرتی اقدار کی آئینہ دار ہوتی ہیں، یہ دانش وفکر کا گھوارہ ہوتی ہیں ۔ان کی اپنی پہچان، تاریخ اور روایات ہوتی ہیں۔ دنیا میں وہی قومیں عزت وتکریم کی مستحق قرار پاتی ہیں جو حصول علم کو اپنا اولین مقصد قرار دیتی ہیں اور اپنے علمی سرمائے کو آئندہ نسلوں کو منتقل کرنے کا اہتمام بھی کرتی ہیں۔ علمی میراث کو آئندہ نسلوں کو منتقل کرنے کا بہترین ذریعہ تعلیم ہے۔

آپ کے علاقے میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خان پور روڈ سہجہ قدرت کا تحفہ اور علاقہ کی سرکردہ شخصیات کی کوششوں کا صلہ ہے۔لہٰذا تمام اہل علاقہ، سہجہ ومضامات کے طلباء کے لیے یہ سنہری موقع ہے کہ کالج ہذا میں داخلہ لے کر اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو جاری رکھ سکیں۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خان پور روڈ سہجہ میں داخلہ طلباء کے لیے فخر اور والدین کے لیے باعث اطمینان ہوگا۔ آیئے دیکھئے ہم فروغ تعلیم کے لیے کیسے کوشاں ہیں۔

**پروفیسر محمد ارشد**

# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج (بوائز) سہجہ کا تعارف

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خان پور روڈ سہجہ خان پور سے مین شاہی روڈ براستہ رحیم یار خان 10 کلومیٹر پر بوائز ہائی سکول اور رورل ہیلتھ سنٹر سہجہ کے درمیان واقع ہے ۔ اس کالج کے مضافاتی علاقہ جات دھریجہ نگر، لاٹکی گھنہ لاڑ، گڑھی اختیار خان، چک 94 اور کوٹ سمابہ ہیں۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خان پور روڈ سہجہ کی تعمیر 2019ء میں پایہ تکمیل کو پہنچی جس میں کلاسز کا آغاز اگست 2019ء میں ہوا۔ کالج میں 7 لیبارٹریز، ایک جدید کمپیوٹر لیب، 12 کلاس رومز اور ایک لائبریری موجود ہے۔ کالج ہذا کا رقبہ 32 کنال ہے۔ خوبصورت اسمبلی ایریا اور طلباء کے کھیلنے کے لیے کشادہ گراؤنڈز بھی موجود ہیں۔

## پرنسپل وسٹاف

| | | | |
|---|---|---|---|
| پرنسپل | ریاضی | لیکچرار | کامرس |
| اسسٹنٹ پروفیسر | فزکس | لیکچرار | ایجوکیشن |
| اسسٹنٹ پروفیسر | انگلش | لیکچرار | نفسیات |
| لیکچرار | اردو | لیکچرار | اکنامکس |
| لیکچرار | اسلامیات | لیکچرار | انگلش |
| لیکچرار | بیالوجی | لیکچرار | سٹیٹکس |
| لیکچرار | ریاضی | لیکچرار | سرائیکی |
| لیکچرار | کیمسٹری | لیکچرار | فزیکل ایجوکیشن |
| لیکچرار | کمپیوٹر سائنس | لیکچرار | لائبریری سائنس |
| لیکچرار | پولیٹیکل سائنس/سوکس پاک سٹڈیز | لائبریرین | لائبریری سائنس |

## تدریسی نظام

انٹرمیڈیٹ کی سطح تک کلاسوں کا الحاق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور سے ہے جبکہ ایسوسی ایٹ ڈگری کی سطح پر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے منسلک ہے۔تدریس میں انہی اداروں کے اصول وضوابط کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

## انتخاب مضامین

داخلے کے وقت طلباء کو پراسپیکٹس میں درج فہرست مضامین میں سے سوچ سمجھ کر اپنے مضامین کا انتخاب کرنا ہوگا۔ایک مرتبہ مضامین کا انتخاب کرنے کے بعد ان میں تبدیلی کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

نوٹ: مضامین تبدیلی/گروپ تبدیلی کی صورت میں بورڈ/یونیورسٹی قوانین کے مطابق فیس ادا کرنا ہوگی۔

# انٹرمیڈیٹ

مندرجہ ذیل مضامین کے گروپ شامل نصاب ہیں۔
(۱)۔ پری انجینئرنگ گروپ۔(۲)۔ پری میڈیکل گروپ۔(۳)۔آئی سی ایس گروپ۔(۴)۔آرٹس گروپ
تمام گروپ مندرجہ ذیل مضامین لازمی رکھیں گے۔
اردو۔انگریزی۔اسلامیات لازمی۔مطالعہ پاکستان

پری انجینئرنگ گروپ: فزکس۔کیمسٹری۔ریاضی
پری میڈیکل گروپ: فزکس۔کیمسٹری۔بیالوجی
آئی سی ایس گروپ: فزکس۔ریاضی۔کمپیوٹر
جنرل سائنس گروپ: ریاضی/اکنامکس۔کمپیوٹر۔سٹیٹ
آرٹس گروپ: سرائیکی۔اسلامیات اختیاری۔لائبریری سائنس/ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن/اکنامکس/سٹیٹس/ایجوکیشن

# ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام ADP

ADA: آرٹس گروپ اردو۔انگلش۔سرائیکی۔لائبریری سائنس۔ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن ADS: سائنس گروپ کیمسٹری۔میتھ۔سٹیٹ

# داخلے کے قوانین

(۱)۔سال اول کا داخلہ فارم میٹرک کا نتیجہ نکلنے کے بعد بورڈ کے مقررہ شیڈول کے مطابق ہوگا۔ **ADP** کا داخلہ انٹرمیڈیٹ کا نتیجہ نکلنے کے بعد یونیورسٹی کی موصول شدہ ہدایات کے مطابق شروع ہوگا اور یونیورسٹی کی طرف سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہوگا۔
(۲)۔داخلے کے لیے امیدوار کو اپنے گزشتہ ادارے کی سربراہ کی طرف سے جاری کردہ اچھے چال چلن کا تصدیق نامہ اور پاس شدہ امتحان کا سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔
(۳)۔ایسے امیدوار جو تعلیمی بورڈ بہاولپور اور اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے علاوہ کسی اور بورڈ سے پڑھ کر آئے ہوں وہ متعلقہ بورڈ کی طرف سے جاری کردہ اجازت نامہ (این او سی) پیش کریں گے۔
(۴)۔داخلے کی درخواست صرف کالج کے مجوزہ فارم پر دینی ہوگی۔جس کے ہمراہ مطلوبہ تصاویر، تعلیمی اسناد، تصدیق نامے اور سرپرست کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، (ب) فارم کی فوٹو کاپی (صرف سال اول کیلئے) اور تین عدد ڈاک لفافے جن پر درست پتہ درج ہو۔
(۵)۔فارم مکمل کر کے فائل کور کے ہمراہ جمع کروائیں۔
(۶)۔سال اول کے داخلے کے لیے امیدوار کی عمر زیادہ سے زیادہ 18 سال ہونی چاہیے۔خصوصی حالات میں پرنسپل صاحب مزید دو سال کی رعایت دے سکتے ہیں۔**ADP** میں داخلے کے لیے امیدوار کی عمر زیادہ سے زیادہ 20 سال ہونی چاہیے جبکہ خصوصی حالات کے پیش نظر پرنسپل صاحب مزید دو سال کی رعایت دے سکتے ہیں۔

ہوگی۔درخواست پر والد/سر پرست کا تصدیق نامہ ہونا ضروری ہے۔
(۳)۔پانچ دن سے زائد بیماری کی درخواست کے ساتھ مستند ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔

## غیر حاضری کا جرمانہ

جو طالب علم درخواست منظور کروائے بغیر غیر حاضر ہوگا اس کو یومیہ پانچ روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ایک ماہ میں پانچ چھٹیاں کرنے کی صورت میں نام خارج کر دیا جائے گا۔

## فیس و جرمانے کی ادائیگی

فیس اور جرمانہ کالج کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ پر ادا کرنا ہوں گے۔اگر کوئی طالب علم مقررہ تاریخ پر فیس و جرمانہ ادا نہ کر سکا تو اسے دوسری مقرر کردہ تاریخ پر فیس معہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔اگر کوئی طالب علم اس تاریخ پر بھی جمع نہیں کروائے گا تو اس کا نام کالج کے رجسٹر سے خارج کر دیا جائے گا۔

## زرِ ضمانت

جب کوئی طالب علم کالج کے مکمل واجبات ادا کر دے اور کالج چھوڑ کر جانے لگے تو اسے زرِ ضمانت قواعد کے مطابق جو تاریخ مقرر کی جائے گی، اس تاریخ کو واپس کر دی جائے گی۔

## دیگر مراعات

غریب اور نادار مستحق طلباء کو درج ذیل مراعات دی جاتی ہیں۔
(ا)۔کالج میں داخل ہونے والے کل طلباء میں سے 10 فیصد طلباء کی صرف ٹیوشن فیس معاف کی جائے گی۔یتیم کو ترجیح دی جائے گی۔
(۲)۔یتیم طلباء کی صرف ٹیوشن فیس معاف ہوگی باقی فنڈز ادا کرنا ہوں گے۔بشرطیکہ وہ والد کی وفات کا تصدیق نامہ پیش کریں جو متعلقہ یونین کونسل کے دفتر سے مل سکتا ہے۔
(۳)۔مالی امداد سے فائدہ اٹھانے والے طالب علم کے نتائج تسلی بخش نہ ہونے کی صورت میں مالی امداد کا سلسلہ بند ہو سکتا ہے کالج کے تمام وظائف، مشاہرے اور فیس کی رعایتیں صرف ایک سال کے لیے دی جاتی ہیں۔

## کالج یونیفارم

تمام تعلیمی اداروں میں طلباء کے لیے ایک جیسا لباس تجویز کیا جاتا ہے تاکہ نظم و ضبط کا رجحان بڑھے۔یونیفارم کا بنیادی مقصد طبقاتی امتیاز کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔

(۱)۔یونیفارم برائے موسم گرما: گرے پینٹ، سفید شرٹ، بلیک شوز
(۲)۔یونیفارم برائے موسم سرما: گرے پینٹ، سفید شرٹ، بلیک شوز، میرون کوٹ، میرون ٹائی

# کمیٹی برائے نظم و ضبط

ڈسپلن کمیٹی طلباء میں نظم و ضبط قائم رکھنے کی ذمہ دار ہوگی، ایسے تمام طلباء سزا کے مستحق ہوں گے جو درج ذیل خلاف ورزیوں کے مرتکب پائے جائیں گے۔

(۱)۔ اساتذہ کے احکامات کی تعمیل نہیں کریں گے۔
(۲)۔کلاس سے غیر حاضر رہیں گے۔
(۳)۔کالج کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں سے جان بوجھ کر غفلت برتیں گے۔
(۴)۔کالج کی املاک کو نقصان پہنچائیں گے۔
(۵)۔کالج کے واجبات وقت پر ادا نہیں کریں گے۔
(۶)۔کسی غیر اخلاقی یا مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث پائے جائیں گے۔
(۷)۔کالج کے نظم و ضبط میں دخل اندازی کرنے والے طلباء کو سزائیں دی جائیں گی اور جرمانہ کیا جائے گا۔
(۸)۔کالج کونسل اس امر کی مجاز ہوگی کہ کسی بھی طالب علم کو قانون شکنی کی صورت میں کالج سے نکال دیا جائے۔
(۹)۔خلاف ورزی کرنے والے طلباء کو کالج کونسل کے سامنے اپنی صفائی پیش کرنے کا پورا پورا موقع دیا جائے گا مگر کالج کونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت/ادارے میں چیلنج نہیں کیا جائے گا۔
(۱۰)۔کالج اوقات میں غیر متعلقہ افراد کالج کے اندر آنے کی صورت میں اپنا قومی شناختی کارڈ گیٹ پر جمع کروائیں گے اس کے بغیر کالج میں داخلہ ممنوع ہوگا۔

برائے رابطہ:
0300-7053993, 0307-0261827
ای میل: gdcsahja@gmail.com









# Govt. Associate College Khanpur Road Sahja

Ph# 0300-7053993, 0307-0261827 Email: gdcsahja@gmail.com

**First Year**

F.Sc (Pre-Med) ☐ F.Sc (Pre-Eng) ☐

ICS ☐ FA - IT ☐

FA ☐

**ADP / ADA** ADA Urdu ☐

تصویر گوند سے
چسپاں کریں

**For Office use Only**

File No ____________

College Roll No ____________

Write elective subjects. (Do not write compulsory subjects)

Admission Form No ____________

1) ____________ 2) ____________ 3) ____________

Name: (Block Letter) ____________

Name: (In Urdu) ____________

Student's CNIC / B-Form No: _____ – _______ – _

Father's Name: ____________

Father / Guardian CNIC No: _____ – _______ – _

Gender ____________ Nationality ____________ Religion ____________

Address: ____________

____________ Blood Group ____________

Email ____________ Contact # ____________

| Date of Birth | Day | Date | Year | In Words | Total Age in Years | Father's Income / Profession |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Degree | Passing Year | Roll No | Board/University | Reg. No | Obtained Marks | Total Marks | Major Subjects |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Matric | | | | | | | |
| Intermediate | | | | | | | |

Last School / College Attended ____________

Are you a servant in Govt. / Private department Yes ☐ No ☐

If yes, give details Nature of Job: Govt. ☐ Private ☐

Name of Department ____________ Post held: ____________

# AFFIDAVIT / SURETY BOND

**By the student**

**I hereby affirm that I have thoroughly reviewed the college prospectus. I solemnly declare that during my study period I shall strictly adhere to the college rules, regulations and policies, and will ensure timely payment of all dues. I shall refrain from engaging in any political or unethical activity. I undertake not to possess or use mobile phone within college premises, in full compliance with college policies. Moreover, I agree to abide by all directives issued by the Principal, College Council and the Disciplinary Committee. I confirm that all the information provided by me is accurate and truthful to the best of my knowledge.**

Name: ______________________ Signature of the student: ______________________

Date: ____________ Attested by a Gazetted Officer (Scale 17 or above) ______________________

# AFFIDAVIT / SURETY BOND

**By the Parent's / Guardian**

میں نے بیان حلفی پڑھ / سمجھ لیا ہے۔ میرا بیٹا کالج کے تمام قواعد وضوابط کی پابندی کرے گا۔ میں اس امر کا بھی یقین دلاتا ہوں کہ میرا بیٹا
کالج کیمپس میں موبائل فون کا استعمال قطعاً نہیں کرے گا۔ اگر وہ ایسا کرے تو آپ اس موبائل فون ضبط کرنے کے مجاز ہوں گے۔

نام والد / سرپرست ______________________ دستخط والد / سرپرست ______________________

بتاریخ ______________ شناختی کارڈ نمبر ☐☐☐☐☐ - ☐☐☐☐☐☐☐ - ☐

Attested by a Gazetted Officer (Scale 17 or above) ______________________

# CHECK LIST:

**Have you enclosed the following documents with the admission form?**

1. **Passport size 3 pictures** ☐
2. **Attested 3 copies of matric result card** ☐
3. **Attested 3 copies of intermediate result card** ☐
4. **Attested 3 copies of degree** ☐
5. **Attested 3 copies of Character/provisional certificate** ☐
6. **Attested 3 copies of CNIC of father / guardian** ☐
7. **Attested 3 copies of Student CNIC / B-Form** ☐
8. **Receipt of Blood Group** ☐
9. **Copy of Domicile** ☐
11. **Attested Copy of COVID-19 Certificate** ☐

Note: Providing Wrong information or bogus documents will be liable to strict action under law.

Signature of the student: ______________________

## FOR OFFICE USE ONLY

Roll No allotted ☐

Checked by:

Incharge ______________________

Re-checked by:

Members: 1) 2) 3)

Recommended / Not Recommended:

Principal ______________________